پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، A-21، کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون نمبر: 042-99260209,99260270,71,72 ای میل: coe.pbte@yahoo.com, commercepbte@gmail.com

مراسلہ نمبر: پی بی ٹی ای/کامرس اینڈ ووکیشنل/2025/1054 مورخہ: 30-09-2025

(SAY NO TO CORRUPTION)

امتحانی داخلہ شیڈول برائے درج ذیل کورسز دوسرا سالانہ امتحان 2025۔

آغاز امتحانات مورخہ: 12-12-2025

سرٹیفکیٹ ان ایڈوانس ڈریس ڈیزائننگ اینڈ میکنگ (یک سالہ)	سرٹیفکیٹ ان بیسک ڈریس ڈیزائننگ اینڈ میکنگ (یک سالہ)	سرٹیفکیٹ ان بیوٹیشن (یک سالہ)
کمپوٹر آپریٹر (یک سالہ) فرسٹ اینڈ سیکنڈ سمسٹر	سرٹیفکیٹ ان فیشن ڈیزائن/سرٹیفکیٹ ان فیشن ڈیزائننگ (یک سالہ)	ڈپلومہ ان ووکیشنل ٹیچرز ڈویلپمنٹ (یک سالہ)
سکن اینڈ بیوٹی تھیراپی (یک سالہ)	سرٹیفکیٹ ان ووکیشنل گرلز (CVG)	ڈپلومہ ان ووکیشنل گرلز (DVG)

نمبر شمار	شیڈول برائے امتحانی داخلہ جات۔	تواریخ
1	سنگل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور سنگل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	14-10-2025
	سنگل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ اور مینول داخلہ فارم بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	17-10-2025
2	ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور ڈبل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	21-10-2025
	ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ اور مینول داخلہ فارم بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	24-10-2025
3	ٹرپل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور ٹرپل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	28-10-2025
	ٹرپل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ اور مینول داخلہ فارم بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	31-10-2025

نمبر شمار	تفصیل امتحانی فیس برائے داخلہ جات۔	سنگل فیس	ڈبل فیس	ٹرپل فیس
1	سرٹیفکیٹ ان ایڈوانس ڈریس ڈیزائننگ اینڈ میکنگ، سرٹیفکیٹ ان بیسک ڈریس ڈیزائننگ اینڈ میکنگ، سرٹیفکیٹ ان بیوٹیشن، سرٹیفکیٹ ان فیشن ڈیزائن/سرٹیفکیٹ ان فیشن ڈیزائننگ، سکن اینڈ بیوٹی تھیراپی، سرٹیفکیٹ ان ووکیشنل گرلز (CVG) اور ڈپلومہ ان ووکیشنل گرلز (DVG)۔ (تھیوری)	540/-	1080/-	1620/-
2	ڈپلومہ ان ووکیشنل ٹیچرز ڈویلپمنٹ۔ (تھیوری)	1560/-	3120/-	4680/-
3	کمپوٹر آپریٹر۔ (تھیوری)	1320/-	2640/-	3960/-
4	تمام کورسز کی پریکٹیکل فیس۔	430/-	860/-	1290/-
5	تمام کورسز کی ڈیٹا پراسیسنگ فیس (دفتر بورڈ کیلئے مبلغ-/430 روپے اور ادارہ کے امتحانی ڈیٹا پراسیسنگ سٹاف + دیگر اخراجات کیلئے مبلغ-/100 روپے)۔	530/-	530/-	530/-
6	تمام کورسز کی رزلٹ کارڈ فیس۔	290/-	290/-	290/-

نوٹ:- پرنسپل صاحبان وامیدواران کرونا وائرس کے پیش نظر حکومت کی جانب سے جاری کردہ تمام SOP's پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

1۔ جو امیدوار داخلہ کا اہل نہ ہو۔ اس کا داخلہ مینول یا کسی طور پر دفتر بورڈ کو نہ بھجوایا جائے۔

2۔ ہر سال/کورس کی مقرر کردہ امتحانی فیس الگ الگ بورڈ ویب سائیٹ پر دستیاب آن لائن چالان فارم کے تحت یونائیٹڈ بنک کی کسی بھی برانچ کے ذریعے بورڈ ہذا کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں۔ منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ کے ذریعے بھجوائی گئی فیس قابل قبول نہ ہوگی۔

3۔ تمام امیدواران کا ایڈمیشن ڈیٹا آن لائن فیڈ کرنا لازمی ہے تاہم ڈویژن امپرومنٹ والے امیدواران کا مینول ایڈمیشن فارم پُر کر کے (تصدیق شدہ) جمع کروائیں۔ آن لائن ڈیٹا فیڈنگ کرتے وقت Tick/Cross احتیاط سے لگائیں کیونکہ غلط Tick/Cross لگنے کی وجہ سے کسی امیدوار کی فیس کسی دوسرے امیدوار کیلئے تبدیل نہیں ہوگی۔ مقررہ شیڈول کے بعد تمام Tick/Cross شدہ امیدواران کا ایڈمیشن ڈیٹا خود بخود Lock ہو جائے گا اور کوئی تبدیلی نہیں ہو سکے گی۔

4۔ اصل بنک چالان اور بنک چالان کی ایک فوٹو کاپی ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کے ایک فائنل پرنٹ سے منسلک کر کے دفتر بورڈ کے کمرا نمبر 24 میں اکاؤنٹس آفیسر کے پاس جمع کروائیں نیز ایڈمیشن ڈیٹا لسٹ کا دوسرا فائنل پرنٹ اکاؤنٹس آفیسر سے مہر لگوا کر کمرا نمبر 35 میں اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (کامرس اینڈ ووکیشنل) کے پاس جمع کروائیں۔ بذریعہ ڈاک رکورئیر سروس بھجوائی گئی ڈیٹا لسٹیں قابل قبول نہ ہوں گی۔ بصورت دیگر تاخیر کی تمام تر ذمہ داری ادارہ پر عائد ہوگی۔

5۔ امتحان کے دوران امیدواران کی شناخت کیلئے ضروری ہے کہ امیدواران کی رول نمبر سلپ A4 سائز کے کاغذ پر پرنٹ کریں۔

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ پی ایس ٹو سیکرٹری، سکلز ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ ڈیپارٹمنٹ، حکومتِ پنجاب، لاہور۔

2۔ ایس اے ٹو چیئرپرسن، پی ایس ٹو چیف آپریٹنگ آفیسر، زونل ڈائریکٹر (سینٹرل، ساؤتھ اور نارتھ)، تمام ڈپٹی زونل ڈائریکٹرز اور تمام ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر ٹیوٹا۔

3۔ پی ایس ٹو چیئرمین، پی اے ٹو سیکرٹری، پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (کنڈکٹ ریسکریسی)، چیف سیکریسی آفیسر، پبلک ریلیشنز آفیسر، ویب ایڈمنسٹریٹر اور تمام متعلقہ برانچ آفیسر بورڈ ہذا۔

4۔ سربراہان تمام الحاق شدہ (گورنمنٹ و پرائیویٹ) ادارہ جات۔